# 12-09-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆سی پی ایم کے جنرل سکریٹری سیتارام یچوری طویل علالت کے بعد آج شام چل بسے۔

☆چیف منسٹر ریونت ریڈی سترہ ستمبر کو تلنگانہ پرجا پالنا دنو اتسوم میں شرکت کریں گے۔

☆حضور آباد کے ایم ایل اے کوشک ریڈی کے مکان پر شیر لنگم پلی کے ایم ایل اے گاندھی کے حامیوں نے حملہ کردیا۔

☆تلنگانہ کی حکومت مائیکرو اسمال اور میڈیم کمپنیوں کیلئے پالیسی کا اعلان کرے گی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت بائیوٹیکنالوجی پر مبنی حیاتیاتی انقلاب کے دلچسپ دوڑ میں داخل ہو رہا ہے۔ دہلی کے بھارت منڈپم میں گلوبل بائیوانڈیا 2024 سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حیاتیاتی انقلاب بھارت کیلئے اتنا ہی متاثر کن ہوگا جتنا کہ آئی ٹی انقلاب مغربی دنیا کیلئے رہا ہے۔ گلوبل بائیوانڈیا 2024 کے بارے میں انہوں نے کہا کہ یہ مختلف وزارتوں، ریاستی حکومتوں، اسٹارٹ اپ کمپنیوں، محققین، بائیوکلاسٹرس، سرمایہ کاروں، بین الاقوامی اداروں، پالیسی سازوں اور صنعتی قائدین کے لئے تجارتی نیٹ ورکنگ پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ گلوبل بائیوانڈیا 2024 بائیوٹیکنالوجی سے وابستہ مختلف اداروں کا ایک بین الاقوامی اجتماع ہے جس میں بائیوٹیکنالوجی کے شعبہ میں بھارت کی ترقی اور مواقع کو دنیا کے سامنے پیش کیا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆

آیوش کی وزارت نے خصوصی مہم 3.0 کے تحت ایک ہزار تین سو عوامی شکایات کا ازالہ کیا ہے۔ وزارت نے کہا کہ اس مہم کا مقصد کام کے مقامات پر صفائی کو بہتر بنانا ہے۔ اس میں مختلف زیرالتوا امور کی بھی یکسوئی کی ہے جن میں ارکان پارلیمنٹ کے 33 حوالے، 18 پارلیمانی تیقنات اور عوامی شکایات سے متعلق 187 اپیلیں شامل ہیں۔ یہ وزارت اب خصوصی مہم 4.0 شروع کرنے کی تیاری کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

چیف سکریٹری شانتی کماری نے کہا ہے کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی اس مہینہ کی 17 تاریخ کو تلنگانہ پرجا پالنا دنوتسم کے موقع پر حیدرآباد کے باغ عامہ میں قومی پرچم لہرائیں گے۔ اس سے قبل وہ اسمبلی کے روبرو واقع گن پارک میں تلنگانہ کے شہدا کی یادگار پر خراج عقیدت پیش کریں گے۔ چیف سکریٹری نے آج سکریٹریٹ میں عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا اور پرجا پالنا اتسوم کے سلسلہ میں کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ آپسی تال میل کے ساتھ کام کرتے ہوئے اس پروگرام کو کامیاب بنائیں۔

☆☆☆☆☆

سی پی آئی ایم کے جنرل سکریٹری سیتارام یچوری آج طویل علالت کے بعد چل بسے۔ وہ 72 سال کے تھے۔ انہوں نے دہلی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسس میں آخری سانس لی۔ وہ گزشتہ چند دن سے مصنوعی تنفس پر تھے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سیتارام یچوری کی موت پر اپنے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یچوری نے مزدور طبقہ کیلئے کافی جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ یچوری کی جدوجہد آنے والی نسلوں کو راہ دکھاتی رہے گی۔ پسماندہ طبقات کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے بھی سیتارام یچوری کی اچانک موت پر اپنے دکھ کا اظہار کیا۔ انہوں نے اپنے تعزیتی پیام میں کہا کہ یچوری ایک عظیم رہنما تھے۔ سی پی آئی کے لیڈر نارائنا نے کہا کہ یچوری کی موت بائیں بازو اور جمہوری تحریک کیلئے ایک بھاری نقصان ہے۔ سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ نے بھی سی پی ایم لیڈر سیتارام یچوری کی موت پر اپنے رنج وملال کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یچوری کی موت بھارت کے مزدور طبقہ اور سیکولرازم کے لئے ایک بھاری نقصان ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعظم نریندر مودی نے پیرس اولمپکس میں شرکت کرنے والے بھارتی دستہ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے ان باوقار مقابلوں میں میڈل پانے والوں اور دیگر کھلاڑیوں کوان کی شاندار کارکردگی کیلئے مبارک باد دی۔ بھارت نے پیرا اولمپکس میں اب تک کا بہترین مظاہرہ کرتے ہوئے 29 میڈل جیتے ہیں۔ان میں 7 گولڈ ،9 سلور اور 13 برانز میڈل شامل ہیں۔اس موقع پر مرکزی وزیر اسپورٹس منسوکھ منڈاویا اور پیرا اولمپک کمیٹی آف انڈیا کے صدر دیویندر جھاجھریا موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

حضور آباد کے بی آر ایس ایم ایل اے پاڈی کوشک ریڈی اور سیر لنگم پلی کے ایم ایل اے اریکا پوڈی گاندھی کے درمیان لفظی جنگ عروج پر پہنچ گئی جبکہ گاندھی کے حامیوں نے کونڈا پور علاقہ میں کوشک ریڈی کے مکان پر حملہ کردیا۔کوشک ریڈی نے اعلان کیا تھا کہ وہ گاندھی کے مکان جائیں گے اور انہیں بی آر ایس کا کھنڈوا پیش کریں گے اوران کے مکان پر بی آر ایس کا پرچم لہرائیں گے۔ان کے اس اعلان کے پیش نظر پولیس نے انہیں مکان پر نظر بند کردیا تھا۔دوسری طرف گاندھی نے ان کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر کوشک ریڈی ان کے مکان نہیں آئے تو وہ کوشک ریڈی کے مکان کو جائیں گے۔ پولیس نے گاندھی کے مکان پر بھی سکیورٹی سخت کردی تھی تاہم گاندھی اپنے حامیوں کے ساتھ کوشک ریڈی کے مکان پہنچ گئے۔ایک دن قبل کوشک ریڈی نے الزام لگایا تھا کہ گاندھی نے کانگریس پارٹی میں شامل ہوکر اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین کا عہدہ قبول کرتے ہوئے پارٹی کو بی آر ایس کو دھوکہ دیا۔گڑبڑ کے اندیشہ کے پیش نظر پولیس نے دونوں ارکان اسمبلی کے مکانات پر حفاظتی انتظامات سخت کردیئے تھے تاہم گاندھی کے حامی کوشک ریڈی کے مکان میں گھس آئے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاست کی کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ زرعی شعبہ کو نظر انداز کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں سے کیئے گئے وعدوں کی تکمیل میں ناکام ہوگئی ہے جن میں ریتو بھروسہ بھی شامل ہے۔راما راؤ نے ایک بیان میں کہا کہ ریاست میں کسانوں کی خودکشی کے بڑھتے ہوئے واقعات کیلئے کانگریس حکومت ہی ذمہ دار ہے کیوں کہ وہ کسانوں کے زرعی قرضے مکمل طور پر معاف کرنے میں ناکام ہوگئی۔انہوں نے میڑچل کے کسان سریندر ریڈی کے واقعہ کا حوالہ دیا جنہوں نے قرض معاف نہ ہونے کی وجہ سے دلبرداشتہ ہوکر خودکشی کرلی۔اس کسان نے بینکوں اور سرکاری دفاتر کے کئی چکر کاٹے تھے۔راما راؤ نے الزام لگایا کہ اس کسان کو اس لئے خودکشی کرنی پڑی کیوں کہ اس کا قرض معاف نہیں کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

یوم جمہوریہ 2025 کے موقع پر دیئے جانے والے پدما ایوارڈس کے لئے نامزدگیاں یا سفارشات اس مہینہ کی 15 تاریخ تک قبول کی جائیں گی۔ یہ عمل اس سال یکم مئی کو شروع ہوا۔نامزدگیاں راشٹریہ پرسکار پورٹل پر صرف آن لائن وصول کی جائیں گی۔ نامزدگیوں میں تمام تفصیلات شامل ہونی چاہئے۔نامزدگیوں میں اس بات کی وضاحت ہونی چاہئے کہ جس شخص کے نام کی سفارش کی جارہی ہے اس نے کس شعبہ میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔زیادہ سے زیادہ آٹھ سو الفاظ میں توصیف نامہ بھی اس میں شامل ہونا چاہئے۔

☆☆☆☆☆

اس دوران بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ اور سابق وزیر ہریش راؤ نے بی آر ایس کے ایم ایل اے کوشک ریڈی کے مکان پر حملہ کی مذمت کی ہے۔انہوں نے کانگریس پارٹی پر الزام لگایا کہ وہ تشدد کو ہوا دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کی صورتحال کو گروہ واری رقابت اور غنڈہ گردی میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے اس حملہ کیلئے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو ذمہ دار ٹھہرایا۔

☆☆☆☆☆

کانگریس کے ایم ایل اے ڈاکٹر راجیشور ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت تعلیم اور زراعت کے شعبوں کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔ناگر کرنول ضلع میں ٹیچرس اسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ ایک تعلیمی سمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ طلبہ یا اساتذہ کو درپیش کوئی بھی مسئلہ نمائندگی کی شکل میں ان کے علم میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس مسئلہ پر اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ بات کرکے اس کے حل کو یقینی بنائیں گے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کی حکومت مائیکرو اسمال اورمیڈیم کمپنیوں کیلئے اپنی پالیسی اس مہینہ کی 18 تاریخ کو جاری کرے گی۔ چیف منسٹر، ڈپٹی چیف منسٹراور وزیرصنعت ایم ایس ایم ایز کیلئے خصوصی پالیسی جاری کریں گے۔صنعتوں اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سکریٹری جیش رنجن نے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ اس پالیسی کے تحت ایک سو کروڑ روپئے کا فنڈ فراہم کیا جائے گا تا کہ دفاع اورایرواسپیس کے شعبہ کے ایم ایس ایم ایز کوٹیکنالوجی بہتر بنانے میں مدد کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ اس قسم کی امداد فراہم کرنے والی پہلی ریاست ہوگی۔جیش رنجن نے کہا کہ ایم ایس ایم ایز کیلئے مجوزہ پالیسی سے استفادہ کرنے والی ساٹھ تا ستر فیصد کمپنیاں دفاع اوراس سے جڑے شعبوں سے تعلق رکھنے والی کمپنیاں ہوں گی۔

☆☆☆☆☆

یچوری تین دہوں سے زیادہ عرصہ تک سی پی ایم کے سب سے بڑے پالیسی ساز ادارے پولیٹ بیورو کے رکن رہے۔وہ 2005 سے 2017 تک راجیہ سبھا کے رکن رہے۔دہلی کے سینٹ اسٹیفنس کالج اور جواہرلال نہرو یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کرنے والے یچوری نے اپنا سیاسی کیریئر اسٹوڈنٹس فیڈریشن آف انڈیا سے شروع کیا اور 1975 میں سی پی ایم میں شامل ہوئے۔

☆☆☆☆☆